2 ستمبر تا 8 ستمبر 2022 | شمارہ نمبر 36 | جلد نمبر 34

1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM ™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

BMG





بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین پینل

خامس سعید بٹ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا

گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

چیئرمین






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD
ExcelPro
DIGITAL COLOR PRINTING PAPER
MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER
PAPERLINE
TODAY'S PAPER FOR TOMORROWS' TECHNOLOGY
a1ne
MULTI PURPOSE QUALITY PAPERS



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza
foopak grease proof paper
CONCORDE Premium Cast Coated Board



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# پرنٹ پاک 3 ستمبر کراچی ایکسپو میں شروع ہوگی

PrintPak
AN IMPRINT OF PAKISTAN'S PRINTING & PACKAGING INDUSTRY
3 - 5 SEPTEMBER 2022
KARACHI EXPO CENTRE - PAKISTAN

## 5 ستمبر تک جاری رہے گی، محمد سلیم بیکیا (آئی بی ایم) کی تمام پیپر و بورڈ مرچنٹس، پرنٹرز و پبلشر کو اسٹال کے دورے کی دعوت


کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافکس آرٹس انڈسٹری پاپگائی کے زیر اہتمام "پرنٹ پاک 2022" 3 ستمبر کو کراچی ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگی۔ یہ نمائش 5 ستمبر تک جاری رہے گی۔ نمائش کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔ پرنٹ پاک کے پلاٹینم اسپانسر انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ اور گولڈ اسپانسرڈ ان پیپر مارٹ اور سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز ہیں۔ نمائش تینوں دن صبح 10 بجے سے شام 7 بجے تک جاری رہے گی۔ انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا نے تمام پیپر و پیپر بورڈ کے تاجروں، پرنٹنگ و پبلشنگ سے وابستہ تمام اداروں اور افراد کو اپنے اسٹال نمبر B26,B27 اور B31 ہال نمبر 2 میں دورے کی دعوت دی ہے۔ پرنٹ پاک کی افتتاحی تقریب ہفتہ 3 ستمبر کو ایکسپو سینٹر میں صبح 11 بجے ہوگی، جس سے چیئرمین پاپگائی عزیز خالد اور چیئرمین پرنٹ پاک کمیٹی باسط زیدی اور زوہیر نصیر سی ای او بدر ایکسپورٹ خطاب کریں گے۔ اختتامی تقریب پیر 5 ستمبر کو مقامی ہوٹل میں ہوگی جس میں پرنٹ پاک میں شریک کمپنیوں کو شیلڈ اور ایوارڈ دیئے جائیں گے۔

## 200 سے زائد یونٹس پر ریلیف پیکیج کے احکامات نہیں ملے، کے الیکٹرک

کراچی (نیوز ڈیسک) ترجمان کے الیکٹرک نے کہا ہے کہ 200 سے زائد یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کو ریلیف پیکج میں شامل کرنے کے احکامات موصول نہیں ہوئے حکومتی احکامات کے تحت فیول چارج ایڈجسٹمنٹ کا ریلیف اہل صارفین کو پہنچایا جا رہا ہے بجلی کی قیمتوں کا تعین تقسیم کار کمپنیوں، بشمول کے الیکٹرک، کے اختیارات میں نہیں ہے۔

## بیرون ملک مسافروں کے ڈیکلریشن فارم پر تنازع

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں آپریٹ کرنے والی نجی ایئرلائنوں نے پاکستان کسٹم کے جاری حکم نامے جس میں ایئرلائنوں کو پابند کیا گیا ہے کہ بیرون ملک جانے اور آنے والے مسافروں سے سامان اور دیگر اشیاء کا ڈیکلریشن فارم پُر کروائیں، پر اعتراضات اُٹھا دیئے ہیں۔ ایئرلائن آپریٹرز کمیٹی اور بین الاقوامی ہوابازی تنظیم آیاٹا نے پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی اور کسٹم کو خطوط ارسال کیے ہیں۔ ایئرلائنوں کا مؤقف ہے کہ وہ بیرون ملک جانے والے مسافروں کو بورڈنگ کے وقت ڈیکلریشن فارم دے کر توصول کر سکتے ہیں مگر بیرون ملک سے آنے والے مسافروں کیلئے فلائٹ میں اناؤسمنٹ تو کر سکتے ہیں اور مسافر کی درخواست پر فارم بھی دے سکتے ہیں مگر کوئی مسافر فارم نہیں پُر کرتا تو وہ اس کو مجبور نہیں کر سکتے اور نہ ہی پُرشدہ فارم کسٹم کے حوالے کرنے کے پابند کیے جاسکتے ہیں۔




انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کی جانب سے پرنٹ پاک 2022 میں شرکت کا دعوت نامہ

## شینڈ وِنگ چنمنگ پیپر ملز کے آئٹمز میں 50 ڈالر فی ٹن کا اضافہ

چائنا (پیپر بزنس نیوز) شینڈ ونگ چنمنگ پیپر ملز چائنا کے ترجمان نے اپنے صارفین کو 26 اگست 2022 کو مطلع کیا ہے کہ خام مال اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے ہماری تمام مصنوعات کی قیمتیں 15 ستمبر 2022 سے 50 ڈالر میٹرک ٹن بڑھ جائیں گی، جن مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے ان میں فولڈنگ باکس بورڈ، کوٹڈ آرٹ بورڈ، کپ اسٹاک، فوڈ پیکیجنگ بورڈ، کوٹڈ کرافٹ بیک، ان کوٹڈ ووڈ فری، کوٹڈ آرٹ پیپر اور کاپی پیپر شامل ہیں۔ ملز ترجمان کا کہنا ہے کہ ہم اپنے صارفین کے کاروبار کے لیے ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ صارفین ان قیمتوں میں اضافے کی ضرورت کو سمجھ گئے ہوں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# روپے کی قدر میں ایک بار پھر اضافے کا رجحان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 24 اگست کو شروع ہونے والے ہفتے کے دوسرے روز 30 اگست کو بھی ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں مسلسل بہتری آئی ہے اور انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی کرنسی کی قدر میں 1.62 روپے کا اضافہ ہوا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے اعداد وشمار سے پتہ چلتا ہے کہ صبح 9 بجکر 45 منٹ پر پاکستانی کرنسی 0.73 فیصد اضافے کے بعد 218.5 روپے فی ڈالر پر ٹریڈ ہو رہی ہے۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری ظفر پراچہ نے کہا کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی جانب سے 1.1 ارب ڈالر کے قرض کی اہم قسط کے اجرا کی منظوری کے بعد ڈالر کی مانگ میں کمی آئی ہے اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انٹربینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمتوں کے درمیان بڑا فرق کم ہوا اور اس میں مزید کمی متوقع ہے۔ ظفر پراچہ نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ آنے والے دنوں میں روپے کی قدر میں بہتری کے بعد 200 فی ڈالر تک پہنچ سکتی ہے اور سرحد پر سخت نگرانی کے بعد افغانستان میں ڈالر کی اسمگلنگ بھی رک گئی۔ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ نے پاکستان کے لیے قرض کی سہولت کے مشترکہ ساتویں اور آٹھویں جائزے کو مکمل کر لیا جس کے بعد ملک کو 1.1 ارب ڈالر کی فوری تقسیم کی اجازت دی گئی۔ اقتصادی اسٹیک ہولڈرز اور کرنسی ڈیلرز نے توقع کی تھی کہ روپیہ آئی ایم ایف کے قرض پروگرام کی بحالی کے ساتھ ڈالر کے مقابلے میں مضبوطی سے واپس آئے گا۔ تاہم، بینکوں میں کرنسی ڈیلرز نے انکشاف کیا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان ایک ہی بار میں ڈالر کی قدر میں تیزی سے کمی کے خلاف تھا تاکہ برآمد کنندگان کو اپنی ہولڈنگز کو مارکیٹ کر سکیں۔ بینکوں میں کرنسی ڈیلر عاطف احمد نے کہا کہ آئی ایم ایف قرض پروگرام کی بحالی سے ڈالر میں چار یا پانچ روپے تک کی زبردست کمی دیکھی جا سکتی ہے لیکن زبانی ہدایات کے ساتھ شرح مبادلہ کا انتظام کرنے والے اسٹیٹ بینک نے مارکیٹ کو ڈالر کی قدر میں اچانک کمی کی اجازت نہیں دی۔ 28 جولائی کو روپیہ 239.94 کی ریکارڈ کم ترین سطح پر آ گیا تھا، اس کے بعد مسلسل 11 سیشنز تک روپے کی قدر میں اضافہ ہوا اور 16 اگست کو انٹربینک میں ڈالر 213.90 روپے پر بند ہوا۔ ڈالر نے 17 اگست سے دوبارہ گرنا شروع کر دیا تھا اور 29 اگست تک 8.02 روپے کا نقصان ہوا۔ ای کیپ نے اطلاع دی ہے کہ منگل 30 اگست کو اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت 222 روپے تھی جبکہ پیر 29 اگست کو اس کی قیمت 230 روپے تھی یعنی آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کے بعد ڈالر کی قدر میں 8 روپے کی کمی واقع ہوئی تھی۔ اوپن مارکیٹ کو غیر ملکی کرنسیوں کی شدید قلت کا سامنا ہے کیونکہ وہ ڈالر کی ہولڈنگ میں اضافہ کرنا چاہتا ہے۔ 31 اگست کو ڈالر 221.9 پر ٹریڈ ہوا انٹربینک میں یہ 220 روپے پر ٹریڈ ہوا۔

# ڈیمرج چارجز کے مسئلے پر ریگولیٹری باڈی کا قیام زیر غور

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی پورٹ ٹرسٹ میں ڈیمرج چارجز کے مسئلے پر ریگولیٹری باڈی کے قیام پر غور کیا جا رہا ہے جس کا اعلان جلد کر دیا جائے گا، مجوزہ ریگولیٹری باڈی پورٹ پر ڈیمرج چارجز کا تعین کرے گی۔ یہ بات کراچی پورٹ ٹرسٹ کے چیئرمین سید محمد طارق مہدی نے پیر 29 اگست کو کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کاٹی میں منعقدہ ظہرانے سے خطاب کے دوران کہی۔ انھوں نے کہا کہ ڈیمرج چارجز میں کمی کیلئے کوشش کی جا رہی ہے لیکن بعض ناگریز وجوہات کی بنا پر یہ مسئلہ تاخیر کا شکار ہے، چند روز میں تمام بزنس کمیونٹی کو کے پی ٹی ہیڈ آفس مدعو کر کے اس کا باقاعدہ اعلان کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ حالیہ امپورٹ پالیسی میں تبدیلی کے باعث تمام کنٹیز ر پورٹ پر رکے ہوئے تھے جنہیں اب کلئیر کرنے کی اجازت ملی ہے جس کی وجہ سے ڈیمرج چارجز لگے۔


# Attention

## large format printers and panaflex printers or sellers of papers

| SRN | ITEM | QTY |
|---|---|---|
| 1 | Glossy PP FILM 36"X100' | 24 |
| 2 | Glossy Photo Paper Eco. So1.42'X100' | 28 |
| 3 | Glossy Paper 30"x100' 250G Eco-Sol. | 36 |
| 4 | Glossy Frontlit Laminated Vinyl 63"x50m | 15 |
| 5 | Glossy Photo Paper Eco.Sol. 50"x100' Core 3" | 60 |
| 6 | Glossy Photo Paper Eco.50"x100' Core 3" | 17 |
| 7 | Glossy Photo Paper Eco. Sol. 54"x100' | 40 |
| 8 | Gloss Photo Paper 36"x100' | 39 |
| 9 | Premium Blockout Banner Matt 13oz 33" x4Sy | 24 |

| SRN | ITEM | QTY |
|---|---|---|
| 10 | HT 30008 Matt 0.99mx41m wt. 440gms | 12 |
| 11 | Matt Laminate 60"x50m | 11 |
| 12 | Matte Photo Paper 36"x100' | 24 |
| 13 | Matt PVC Vinyl for Sol. Link and Eco.Sol.50'X30m | 7 |
| 14 | AWRVO4-3600 | 20 |
| 15 | E04-120-123 | 12 |
| 16 | FPW 120-2400 24" | 3 |
| 17 | Satin Laminated Film 54"X164' | 15 |
| 18 | FRRCS-255/24 | 4 |

**Interested party can visit and see goods and make offer**

**Contact: Aareez 03212012969**





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# لاہور چیمبر: قدرت اللہ سمیت عالمی شہرت یافتہ مختلف شخصیات کو ایوارڈز

## قدرت اللہ اینڈ کمپنی لاہور کے ملک قدرت اللہ کے لئے ''پرائیڈ آف لاہور'' کا ایوارڈ صدر عارف علوی نے دیا




لاہور (پیپر بزنس نیوز) عالمی شہرت یافتہ پبلشنگ کمپنی قدرت اللہ اینڈ کمپنی سمیت مختلف شعبوں کی شخصیات کو ایوارڈز سے نوازا گیا ہے، 26 معروف کمپنیز کی مختلف کیٹیگریز میں ٹیکسٹائل، ہاسپیٹلٹی، اسکولز، پائپس، شوگر ملز، کیبل، فوڈز، فرنیچر، ٹریڈنگ، فارما، پبلشرز، کاسمیٹکس، سیڈز، کچن، اسپتال کے شعبوں شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لاہور چیمبر آف کامرس کے اچیومنٹ ایوارڈز 2022ء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے انفارمیشن ٹیکنالوجی پر توجہ دینے اور سیمینارز، ٹریننگ، ورکشاپس اور آئی ٹی ایوارڈز کے انعقاد پر لاہور چیمبر کو سراہا۔ انہوں نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے مختلف کاروباری شعبوں میں خواتین کی شمولیت کے لیے ٹھوس اور مثبت اقدامات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے خواتین کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا نہایت کارآمد ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے تاجر برادری سے اپیل کی کہ وہ اپنے بیٹوں کے ساتھ بیٹیوں کو آگے لائیں، انہیں اعلیٰ تعلیم دلائیں اور انہیں اپنے کاروبار میں شامل کریں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت خدیجہؓ کی حیات اس حوالے سے مشعل راہ ہے۔ لاہور چیمبر کو 100 سال مکمل کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ تاجر برادری نے آغاز سے ہی ملک کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ اعلیٰ کارکردگی کی حامل 26/ معروف کمپنیوں نے مختلف کیٹیگریز میں لاہور چیمبر اچیومنٹ ایوارڈز 2022ء حاصل کرلیے۔ تقریب میں صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے لاہور چیمبر کے صدر میاں نعمان کبیر، سینئر نائب صدر میاں رحمن عزیز چن اور نائب صدر حارث عتیق کے ہمراہ ایوارڈز تقسیم کئے، اس پُروقار تقریب میں لاہور چیمبر کے سابق صدور اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ اسٹائل ٹیکسٹائل کے سمیر اصغر کو تعریفی ایوارڈ، قدرت اللہ کمپنی کے قدرت اللہ کو پرائیڈ آف لاہور، نشاط ہاسپیٹلٹی کی اقراء حسن، ایلان کی خدیجہ شاہ، قرشی انڈسٹریز کے حسن اقبال قرشی، لاہور پری اسکول لرننگ الائنس کی انجم ایس احمد نے تعریفی ایوارڈ حاصل کیا۔ پاپولر پائپس گروپ آف کمپنیز کے نوید رفیق، لیڈر اے.جی کے شاہد عظیم، جوہرآباد شوگر ملز کے سید انور حسین اور جی ایم کیبل اینڈ پائپس کے شکیل چوہدری نے گولڈ اچیومنٹ ایوارڈ، سرور فوڈز کے وقاص اسلم، قلمکار فرنیچر کی مس نور رحمن، کلیئر پاتھ آرتھو ڈانٹک کے ڈاکٹر وقاص وہاب، العمر ایسوسی ایٹس کے چوہدری ساجد حمید، اتفاق ٹریڈنگ کمپنی کے جاوید احمد بھٹی، الٹرنیٹو فارما کے ڈاکٹر عثمان شوکت، الیکٹوٹیک کے محمد عرفان، خیام پبلشرز کی رفعت النساء، لیورا کیئر کاسمیٹکس کے عشرب ریاض اور گریس امپیکس کے سید زین عباس نقوی نے بزنس اچیومنٹ ایوارڈز وصول کئے جبکہ یوکسل سیڈ ایشیا کمپنی کے حسن علی، ریناز کچن کی بتول محسن، نیشنل ہسپتال کی پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ خواجہ، عالمی شہرت یافتہ ڈیزائنر فراز منان کے فراز منان، گارڈ گروپ کے شہزاد علی ملک اور ایم.جی اے انڈسٹریز کے ملک طاہر جاوید نے تعریفی ایوارڈ حاصل کیے۔




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# پیپر پروڈکشن میں جدید تکنیک کا استعمال

تحریر: نوید مرزا

پیپر صدیوں پرانی ایجاد ہے اور آج کل جدید دور کے لوازمات میں اس کا بھرپور طریقے سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ پڑھنے لکھنے کی چیزوں سے لے کر عام گھریلو اور دفتری استعمال کی بے شمار اشیا بنانے میں بھی پیپر کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ پیپر اپنی گوناں گوں خصوصیات کی وجہ سے پلاسٹک اور دیگر عام میٹریل کی جگہ بھی لے رہا ہے اور عام صنعتی وتجارتی پیمانے پر بھی اس کا استعمال بہت بڑھ گیا ہے تاہم ابھی بعض ایسے مسائل ہیں جن کی وجہ سے پیپر کا استعمال محدود ہے اور اسے مزید مضبوط اور دیر پا بنانے کی ضرورت ہے تاکہ ٹھوس اور پائیدار اشیا بنانے میں بھی پیپر کو پورے بھروسے کے ساتھ استعمال کیا جا سکے۔

پیپر عام طور پر دو اقسام کے میٹریل پر مشتمل ہوتا ہے ایک سافٹ ووڈ میٹریل جو بڑے فائبر والا ہوتا ہے اور دوسرا ہارڈ ووڈ میٹریل جس کے ریشے چھوٹے ہوتے ہیں۔ سافٹ ووڈ بعض بڑے فائبر والا میٹریل یعنی لکڑی پائن یا ایسے درختوں سے حاصل ہوتا ہے جو بہت آہستہ آہستہ پروان چڑھتے ہیں اور جن کی کٹائی کے لیے کئی دہائیوں تک انتظار کرنا پڑتا ہے جبکہ ہارڈ ووڈ یا چھوٹا فائبر برچ، ایکیشیا اور یوکلپٹس جیسے پودوں اور درختوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ بڑے ریشے سے بنا کاغذ بہت مضبوط اور پائیدار ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ہی یہ بہت مہنگا بھی ہوتا ہے کیونکہ اس کا خام مال قدرتی جنگلات سے حاصل کیا جاتا ہے اس لئے اس پر لاگت بھی زیادہ آتی ہے۔ دوسری جانب ہارڈ ووڈ چھوٹا ریشہ کم مدت میں بڑے ہونے والے پودوں اور درختوں سے حاصل کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے اس پر لاگت کم آتی ہے مگر اس کی مضبوطی اور پائیداری بڑے ریشے سے کم ہوتی ہے اسی وجہ سے اس کی قیمت بھی کم ہوتی ہے۔

پیپر پروڈکشن یونٹ عام طور پر ایک میٹریل پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ وہ سافٹ ووڈ اور ہارڈ ووڈ دونوں کو ملا کر اپنی مصنوعات تیار کرتے ہیں اور اس کے لیے مختلف تکنیک استعمال کی جاتی ہیں۔ ان کی پروڈکٹس اس لیے کامیاب ہوتی ہیں کہ کاغذ سے مختلف اشیا بنانے کے لئے ایک الگ قسم کے ریشوں اور خام مال کی ضرورت پڑتی ہے اور اکثر عام استعمال کے خام مال سے ہی اچھا پیپر تیار کر لیا جاتا ہے مگر مشکل وہاں آتی ہے جہاں ٹھوس اشیا بنانے یا گرم ٹھنڈے اور بھاری سامان کی پیکنگ کے لیے پیپر میٹریل درکار ہوتا ہے۔ اس صورت میں عمدہ قسم کے فائبر سے بنے مضبوط اور دیر پا پیپر کی ضرورت ہوتی ہے جو لانگ لاسٹنگ ہو، ٹھنڈے گرم سامان کے علاوہ لیکوئیڈ اور دیگر حساس قسم کے سامان کی پیکنگ میں بھی استعمال کیا جا سکے۔ اس قسم کے ملٹی پرپز پیپر بنانے کے لیے متبادل قسم کے خام مال کی ضرورت پیش آتی ہے تاکہ مضبوط اور دیر پا اشیا تیار کی جا سکیں۔

قدرتی جنگلات کی لکڑی بہت مہنگی پڑتی ہے اور قدرتی جنگلات دنیا کے بہت کم ممالک کے پاس ہیں اور ماحولیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے قدرتی جنگلات کی کٹائی پر بہت سی عالمی پابندیاں بھی عائد کی گئی ہیں جس کی وجہ سے قدرتی جنگلات کی لکڑی کی عالمی مارکیٹ میں آمد بہت محدود ہو گئی ہے۔ دوسری جانب مصنوعی جنگلات لگانے کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے اور ایسے پودے اور درخت لگانے کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے جو بہت کم مدت میں پیداوار دے سکیں تاکہ کم خرچ خام مال حاصل کیا جا سکے۔ مگر اس تمام تر تگ ودو کے باوجود بھی دنیا کی خام پلپ مارکیٹ میں ایک بہت بڑا خلاء موجود ہے کیونکہ یہ تمام میٹریل مل کر بھی دنیا کی پیپر کی ضروریات پوری نہیں کر سکتا اور اس کے لیے کسی نئے اور ایسے میٹریل کی ضرورت ہے جو نہ صرف تیزی کے ساتھ پروان چڑھ کر پروڈکشن دے سکے بلکہ اس کو لگانے سے لے کر مارکیٹ میں فروخت تک اخراجات بھی کم سے کم ہوں تاکہ پیپر بنانے تک پیداواری اخراجات کو کنٹرول میں رکھا جا سکے۔

طویل تجربات اور تحقیق کے بعد سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ بانس ایک ایسا درخت ہے جسے اگر خاص پلاننگ کے ساتھ بویا جائے تو اس سے عمدہ قسم کا پلپ بنایا جا سکتا ہے جسے دوسرے پلپ کے ساتھ جوڑ کر مختلف اقسام کا عمدہ پیپر تیار کیا جا سکتا ہے۔ تحقیق دانوں کے خیال کے مطابق بانس ایک ایسا درخت ہے جس میں بہت زیادہ سیلولوز ہوتا ہے۔ سیلولوز ایک ایسا کیمیکل ہے جس کی پلپ بنانے میں بہت اہمیت ہوتی ہے اور بانس کے پودے میں اس کا تناسب پچاس فیصد کے قریب ہوتا ہے۔ بانس کا پودا دوسرے درختوں کے پودوں کے مقابلے میں بہت تیزی سے پروان چڑھتا ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ یہ جڑ سے لے کر اوپری سرے تک پورا کا پورا استعمال کے قابل ہوتا ہے اور اس کے مختلف حصوں کو مختلف طریقوں سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بانس کے پودے میں ایسے کیمیکلز ہوتے ہیں جو پیپر کی مضبوطی اور پائیداری کے لیے بہت ضروری ہوتے ہیں۔ بانس سے بنائے ہوئے پلپ کی ایک خوبی یہ بھی ہوتی ہے کہ اس کو خام شکل میں ہی استعمال کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس کا کلر قدرتی طور پر اس قابل ہوتا ہے کہ اسے بلیچ کرنے اور کلر دینے کی ضرورت ہی نہیں ہوتی۔

بانس میں ہارڈ ووڈ اور سافٹ ووڈ دونوں اقسام کے فائبر کی خصوصیات موجود ہوتی ہیں اور اس کا انحصار بانس کی مختلف قسموں پر ہے۔ بانس کے ریشے عام لکڑی کے مقابلے میں کہیں زیادہ طاقتور اور مضبوط ہوتے ہیں اور ان کی لمبائی 1.5 ملی میٹر سے چار ملی میٹر تک ہو سکتی ہے۔ یہ اپنی خصوصیات کے لحاظ سے لکڑی کے ریشوں کے مقابلے میں موٹے اور باریک بھی ہو سکتے ہیں۔ بانس میں پانی کو جذب کرنے کی بھی زبردست خوبی ہوتی ہے اور عام لکڑی کے مقابلے میں اس کے ریشوں کو نرم کرنا آسان ہوتا ہے جس سے پیداواری اخراجات میں کمی ہوتی ہے۔ سائنسدانوں کا خیال ہے کہ بانس ہارڈ ووڈ اور سافٹ کے مقابلے میں بہتر کارکردگی کا حامل ہے۔ جو پیپر ملز بانس کے پلپ کو بطور خام مال استعمال کر رہی ہیں وہ پلپ سے براہ راست پیپر مشین کو چلاتی ہیں جس کی وجہ سے پلپ کو اسٹور کرنے، ڈرائی کرنے اور اس کی خصوصیات کو محفوظ رکھ کر اسٹاک کرنے کے جھنجٹ سے محفوظ رہتی ہیں اور اس پر آنے والے اخراجات سے بھی انہیں چھٹکارا مل جاتا ہے جس سے پیداواری لاگت میں کمی آتی ہے۔

اس وقت دنیا میں جو بڑی پیپر ساز کمپنیاں بانس کو بطور خام مال استعمال کر رہی ہیں ان میں چائنا کی یابن پیپر سرفہرست ہے، اس کمپنی کا قیام 1944ء میں عمل میں آیا تھا اور یہ پلانٹ ساچون یابن میں واقع ہے۔ یہ کمپنی ویسٹرن چائنا کی سب سے بڑی نیوز پرنٹ بنانے والی کمپنی ہے۔ یہ کمپنی پیکیجنگ پیپر اور پیپر کی گھریلو استعمال کی اشیا بھی تیار کرتی ہے۔ یابن پیپر مکمل طور پر بانس کے درختوں سے پلپ تیار کرتی ہے۔ اس کمپنی کے لیے کسان بانس کے درخت اگاتے ہیں جو ان کی آمدنی کا اہم ذریعہ ہے اس کے علاوہ ان درختوں سے ماحول کو صاف ستھرا اور آلودگی سے پاک رکھنے میں بھی مدد ملتی ہے۔ درختوں کے بچے کچھے کچرے سے ایندھن کا کام بھی لیا جاتا ہے جس سے اخراجات کی بچت ہوتی ہے۔ 2017ء میں یابن پیپر نے سیلی پیپر مشینری سے پانچ پیپر مشینیں خریدی تھیں۔ ان پیپر مشینوں پر سو فیصد بمبو پلپ سے پیپر تیار کیا جاتا ہے یہ مشینیں سالانہ ایک لاکھ تیس ہزار ٹن پلپ تیار کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ سائنسدانوں اور پیپر سیکٹر کے ایکسپرٹ کا خیال ہے کہ آنے والے دور میں قدرتی جنگلات اور مصنوعی جنگلات کی بجائے خودساختہ طور پر کاشت شدہ نباتات جیسے کہ بانس، یوکلپٹس اور اسی جیسے دوسرے پودوں اور درختوں سے حاصل کردہ میٹریل سے پلپ بنایا جائے گا کیونکہ ماحولیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے دنیا بھر میں اب ایسے قوانین بنا لیے گئے ہیں جو درختوں اور جنگلی نباتات کو تحفظ فراہم کرتے ہیں اور ان قوانین کی خلاف ورزی سے دنیا کے ماحول کی تباہی کا خطرہ درپیش ہے۔ اگر بانس اور اسی نوعیت کی دیگر نباتات سے پلپ بنایا جائے تو اس کے لیے نئی ٹیکنالوجی کی ضرورت ہوگی جس کی مدد سے کم انرجی اور کم قدرتی وسائل کی مدد سے عمدہ پلپ تیار کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں کوششوں کا آغاز کر دیا گیا ہے اور دنیا کی مایہ ناز کیمیکل کمپنیاں اور ادارے ایسے کیمیکل ایجاد کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جن کی مدد سے لکڑی کو کم سے کم خرچ پر گودے میں تبدیل کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ پانی اور دیگر وسائل کی کمی کے لیے کوششیں جاری ہیں تاکہ قدرتی وسائل کو دباؤ سے بچایا جا سکے۔ توقع کی جا رہی ہے کہ آنے والے سالوں میں ان نئی ٹیکنالوجیز کو ڈویلپ کر لیا جائے گا اور مستقبل قریب میں عمدہ اور پائیدار پیپر تیار کرنے کے لیے سستا خام مال بڑے پیمانے پر تیار کیا جا سکے گا لیکن اس نئی ٹیکنالوجی اور اس سے حاصل ہونے والے فوائد کا بڑا حصہ ان ملکوں کو ہی جائے گا جو اس ٹیکنالوجی کا آگے بڑھ کر استعمال کریں گے اور اس کی ڈویلپمنٹ میں اپنا حصہ ڈالیں گے جیسے کہ چائنا، ناروے، برازیل اور ان ہی جیسے دوسرے ممالک جہاں نئی ٹیکنالوجی کو ڈویلپ کرنے کا کام مسلسل جاری ہے۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ٹیکسٹ بک بورڈ کی درسی کتب کی قیمتوں میں 300 فیصد تک اضافہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت سندھ نے سرکاری نصاب کی حامل درسی کتابوں کی قیمتوں کے معاملے پر عوام پر مہنگائی کا پہاڑ توڑ دیا ہے اور محکمہ اسکول ایجوکیشن سندھ کے ماتحت کام کرنے والے سندھ ٹیکسٹ بورڈ کی جانب سے نئے تعلیمی سیشن 2022 کے لیے شائع کی گئی کتابوں کی قیمتیں 300 فیصد تک بڑھادی گئی ہیں۔ یہ قیمتوں میں حالیہ اضافہ سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کے بورڈ آف گورنرز کی منظوری سے کیا گیا ہے پہلی جماعت سے میٹرک تک کی جو درسی کتب چھاپ کر بازار میں بھیجی گئی ہیں ان کی قیمتوں نے والدین کی کمر توڑ دی ہے اور مہنگائی و بجلی کی قیمتوں کے ستائے والدین اب کتابوں کی قیمتوں میں اضافے کی ایک نئی عفریت کا سامنا کررہے ہیں ادھر انٹر سال اول و دوئم کی بیشتر کتابیں چھاپ کر تاحال مارکیٹ کو فراہم ہی نہیں کی گئی ہیں ان کتابوں کی قیمتوں میں بھی کئی سو فیصد تک اضافے کا امکان ہے۔ پہلی بار سندھ کے سرکاری کالجوں میں تعلیمی سیشن بروقت شروع کرنے کی کوشش کی گئی ہے تو بازار میں انٹرمیڈیٹ کی درسی کتابیں ہی موجود نہیں حکومت سندھ کی جانب سے درسی کتابوں کی قیمتوں میں کئی سو فیصد تک اضافے پر والدین کا کہنا ہے کہ ایک جانب حکومت سندھ سرکاری اسکولوں کے طلبہ کے لیے درسی کتابیں مفت فراہم کرتی ہے اور اس کے لیے اربوں روپے کا بجٹ مختص ہوتا ہے لیکن وہ لاکھوں والدین جو اپنے بچوں کو نجی اسکولوں میں پڑھارہے ہیں کیا ان کے لیے سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کو کتابوں کی قیمتیں نہ بڑھانے کا پابند نہیں کیا جاسکتا یا مارکیٹ کو بھجوائی گئی کتابوں پر زرتلافی نہیں دی جاسکتی جس سے نجی اسکولوں میں پڑھنے والے طلبہ کے والدین کو بھی کچھ سہولت مل سکے۔ ذرائع نے کتابوں کی قیمتوں کے حوالے سے جب اردو بازار کراچی کے بک سیلرز اور بعض پبلشرز سے رابطہ کیا تو انکشاف ہوا کہ گذشتہ برس والدین جتنی قیمت میں کسی جماعت کا کورس لے کر چلے جاتے تھے اب اتنی رقم میں بمشکل نصف کورس خرید پارہے ہیں اردو بازار ایسوسی ایشن کراچی کے صدر سلیمان جیوانی کے مطابق گذشتہ سال کے مقابلے میں سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی درسی کتابوں کی قیمتیں ڈبل سے بھی زیادہ ہیں انھوں نے تصدیق کی کہ انٹر سال اول و دوئم کی زیادہ تر کتابیں موجود نہیں ہیں" ادھر اردو بازار کراچی کے ایک بک سیلر نے درسی کتب کی حالیہ اور سابقہ قیمتوں کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ نویں جماعت کا مکمل کورس جو 1 ہزار روپے کے آس پاس خرید لیا جاتا تھا اب 2 ہزار روپے میں بھی دستیاب نہیں ہے انھوں نے بتایا کہ سندھی کے مضمون کی کتاب 40 روپے سے 100 روپے کردی گئی ہے مطالعہ پاکستان کی کتاب جو 111 روپے کی تھی اب 260 روپے میں دستیاب ہے ریاضی کی نویں جماعت کی کتاب 200 روپے سے بڑھا کر 420 روپے کردی گئی ہے۔ اسی طرح طبعیات کے مضمون کی کتاب 150 سے 300 روپے اور کیمیاء کے مضمون کی کتاب 100 روپے سے 256 روپے کی ہوگئی ہے اور یہی صورتحال دیگر جماعتوں کی درسی کتابوں کی ہے" واضح رہے کہ سندھ میں نجی اسکول میٹرک اور انٹر کی سطح پر سب سے زیادہ سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کا نصاب استعمال کرتے ہیں کیونکہ متعلقہ تعلیمی بورڈز سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی درسی کتب سے ہی طلبہ کا امتحان لیتے ہیں۔ ادھر انٹر سال اول و دوئم کی درسی کتب کی قیمتوں کے حوالے سے جب معلومات لی گئی تو معلوم ہوا کہ بیشتر کتابیں تو چھاپ کر بازار میں بھجوائی ہی نہیں گئی انٹر سال اول و دوئم میں بائیولوجی (زولوجی/بوٹنی) کیمسٹری، انگریزی اور فزکس کی کتابیں بازار میں موجود نہیں ہیں انٹر سال دوئم میں کیمسٹری کی کتابیں ابتداء میں بازار میں محدود تعداد میں دی گئی تھی جو اب ختم ہوچکی ہیں صرف اسلامیات اور اردو کی کتابیں ہیں۔ اسی طرح نویں اور دسویں جماعتوں کی کمپیوٹر سائنس کی کتابیں بھی بازار میں نہیں ہیں واضح رہے کہ ڈائریکٹر جنرل کالجز سندھ کی سفارش پر وزیر تعلیم سندھ نے پہلی بار انٹر سال اول کے داخلے نویں کے نتائج پر دینے کی منظوری دی تھی تاکہ کالجوں میں تعلیمی وقت پر شروع ہوسکے اس فیصلے پر عملدرآمد کے بعد کالجوں میں سیشن تو بظاہر شروع ہوگیا ہے لیکن محکمہ ایجوکیشن کے ذیلی شعبوں میں رابطوں کے فقدان کے سبب طلبہ کی تدریس کے لیے کتابیں موجود نہیں ہیں بتایا جارہا ہے کہ انٹر سال اول کے کچھ مضامین کی کتابیں تبدیل ہوئی ہیں جس کے سبب ان کی بروقت اشاعت نہیں ہوسکی ہے۔ جب کتابوں کی قیمتوں اور بازار میں انٹر سال اول کی کتابوں کی عدم دستیابی کے معاملے پر ذرائع نے سیکریٹری سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ حفیظ مہر سے رابطہ کیا تو ان کا کہنا تھا کہ" قیمتوں میں اضافے کی منظوری بورڈ آف گورنرز سے لی گئی تھی بورڈ نے 2016 سے قیمتوں میں اضافہ نہیں کیا تھا جبکہ کاغذ کی قیمت مسلسل بڑھ رہی تھی 2016 میں ڈالر 75 روپے کا تھا اب 240 روپے تک جا پہنچا پبلشرز کا بھی مطالبہ تھا کہ قیمتیں بڑھائیں کیونکہ پرانی قیمتوں میں کتابیں چھاپنا ممکن نہیں رہا اس کے باوجود ہماری کتابیں آکسفورڈ پریس سے بہت سستی ہیں ہماری کتابیں اب بھی چند سو روپے میں مل رہی ہیں۔ آکسفورڈ کی کتابیں ہزاروں روپے کی ہیں ٹیکسٹ بک بورڈ کتابوں کی بائنڈنگ کے لیے پن کے بجائے درآمد شدہ ہارڈ گلو استعمال کررہا ہے مزید براں انٹر کی کتابوں کی عدم دستیابی کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ بارش کے باعث پبلشرز کے کام میں تاخیر ہوئی اب کتابیں آنا شروع ہوگئی ہیں۔

## بارشوں سے تباہی، سندھ کے تاجروں پر ٹیکس ختم کیے جائیں، حاجی ہارون

سکھر (نیوز ڈیسک) آل سکھر اسمال ٹریڈرز اینڈ کاٹیج انڈسٹریز کے بانی حاجی محمد ہارون میمن نے کہا ہے کہ سندھ میں بارشوں سے تباہی نے معمولات زندگی اور کاروبار زندگی کو شدید متاثر کیا ہے سکھر کو آفت زدہ قرار دیا گیا ہے سکھر سمیت سندھ بھر کے تاجروں کے ٹیکس ختم کیے جائیں، بجلی گیس بلوں کی وصولی نہ کی جائے ٹیکس اور یوٹیلیٹی بلز معاف کیے جائیں، وہ صرافہ بازار میں تاجروں سے بات چیت کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے بدترین معاشی حالات میں بارشوں اور سیلاب میں تجارتی سرگرمیاں بلکل ختم ہوچکی ہیں تاجر طبقے کا بارشوں میں بہت نقصان ہوا ہے دکانوں میں برساتی پانی آنے اور مارکیٹوں میں بارش کا پانی کھڑے رہنے سے کاروبار تباہ ہوکر رہ گیا ہے حکومت اور انتظامیہ تاجروں کو ریلیف دینے کے اقدامات کرے۔ وفاقی، صوبائی، مقامی اور تمام یوٹیلیٹی بلز اور ٹیکس معاف کئے جائیں۔

## پوائنٹ آف سیل ڈیوائس نہیں لگانے دینگے، انجمن تاجران

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران نے ایف بی آر کی جانب سے دکانوں پر پوائنٹ آف سیل ڈیوائس لگانے کو مسترد کردیا ہے جبکہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کو ظلم قرار دیتے ہوئے انکوائری کا مطالبہ کیا ہے۔ صدر آل پاکستان انجمن تاجران اجمل بلوچ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فیول ایڈجسٹمنٹ پر انکم ٹیکس کیا ہوتا ہے، فیول ایڈجسمنٹ پر بھی 2 ٹیکسز لگائے جارہے ہیں، یہ انکوائری ہونی چاہئے کہ اتنا ٹیکس کیوں لگا رہے ہیں؟ وزیر اعظم نوٹس لیں، ایف بی آر پھر پوائنٹ آف سیل کی طرف آگیا ہے کہ دکانوں پر ڈیوائس لگے گی، کسی بھی دکان پر ڈیوائس لگانے کی کوشش کی گئی تو ایف بی آر آفس کا گھیراؤ کریں گے، انکم ٹیکس فکس کرنے پر تیار ہیں، اگر حکومت ہمارے مطالبات تسلیم نہیں کرے گی تو ستمبر میں احتجاج کریں گے۔ صدر انجمن پاکستان بلوچستان رحیم کاکڑ نے کہا کہ یہ ٹیکس صوبہ بلوچستان میں بھی لاگو ہوا ہے، بلوچستان میں معاش کا کوئی ذریعہ نہیں، اگر ایسے ٹیکس لگ گئے تو معاشی نظام درہم برہم ہوجائے گا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# درآمدی بلیچ بورڈ، آرٹ پیپر، آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی دیکھنے میں آئی اور 31 اگست 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ اور پنڈوڈیلی، نیو یا آرٹ پیپر میٹ/گلوس چائنا، آرٹ پیپر جاپان، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، اسٹیکر پیپر پاور ٹیک، وائی ایم سی اور نیکسز پرو (چائنا)، اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 370 روپے سے کم ہوکر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 370 روپے سے کم ہوکر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 380 روپے سے کم ہوکر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیو سی جاپان تمام سائز 60 گرام، 380 روپے سے کم ہوکر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنر جی مل تمام سائز 250 گرام، 228 روپے سے کم ہوکر 226 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 370 روپے سے کم ہو کر 365 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل 376 روپے سے کم ہو کر 371 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 368 روپے سے کم ہو کر 362 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 365 روپے سے کم ہوکر 360 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 405 روپے سے کم ہوکر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 400 روپے سے کم ہوکر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1000 روپے سے کم ہوکر 990 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1000 روپے سے کم ہوکر 990 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1180 روپے سے کم ہوکر 1150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 2200 روپے سے کم ہوکر 2150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1100 روپے سے کم ہوکر 1080 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2900 روپے سے کم ہوکر 2810 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 2900 روپے سے کم ہوکر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2950 روپے سے کم ہوکر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# ڈالر دنیا بھر میں 20 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

واشنگٹن (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) امریکی فیڈرل ریزرو کے چیئر جیروم پاول کی جانب سے بڑھتی ہوئی مہنگائی کو کم کرنے کے لیے شرح سود کو برقرار رکھنے کے اشارے کے بعد امریکی ڈالر دیگر کرنسیوں کے مقابلے میں 20 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈالر انڈیکس دو دہائیوں کے دوران ایشیا کی تجارت میں 109.44 تک پہنچ گیا، ڈالر کی قدر میں اضافے کے بعد دیگر بڑی کرنسیاں نئی کم ترین سطح پر چلی گئی ہیں اور اس کی وجہ سے ابھرتی ہوئی مارکیٹوں پر دباؤ بڑھا ہے۔ ڈالر، جاپانی کرنسی ین کے مقابلے میں 138.88 تک پہنچ گیا جو 21 جولائی کے بعد سب سے زیادہ ہے، جبکہ آف شور کرنسی یوآن 2 سال کی کم ترین سطح 6.93 فی ڈالر پر آ گئی۔ برطانیہ کا پاؤنڈ اسٹرلنگ بھی ڈھائی سال کی کم ترین سطح کے بعد 1.1656 ڈالر پر پہنچ گیا جبکہ یورو 0.49 فیصد گر کر 0.99 ڈالر پر آ گیا، آسٹریلیا کی کرنسی 0.7 فیصد کم ہوکر 0.68 ڈالر تک پہنچی جو 19 جولائی کے بعد کم ترین سطح ہے جبکہ نیوزی لینڈ کی کرنسی ایک ماہ کی کم ترین سطح 0.61 ڈالر تک پہنچ گئی۔

# ایف پی سی سی آئی کا صدر 5 سال بعد وفاقی دارالحکومت سے ہوگا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے سالانہ انتخابات دسمبر کے تیسرے ہفتے میں ہونگے۔ پانچ سال بعد ایف پی سی سی آئی کا صدر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے منتخب ہوگا۔ یونائیٹڈ بزنس گروپ جس کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر نے وفاقی دارالحکومت کے بڑے صنعتکار عاطف اکرام کو ایف پی سی سی آئی کی صدارت کیلئے اپنا اُمیدوار بنانے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ تین سالوں سے فیڈریشن آف پاکستان، چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے برسر اقتدار انجم نثار گروپ نے تاحال ایف پی سی سی آئی کے دسمبر کے آخری ہفتے میں ہونے والے الیکشن کی صدارت کیلئے اپنا امیدوار نامزد نہیں کیا۔ یکم جنوری 2023ء کو ایف پی سی سی آئی کے نومنتخب صدر اور انکی کابینہ ذمہ داریاں سنبھالے گی۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر کا انتخاب باری باری ایک ایک صوبے سے کیا جاتا ہے اور پانچ سال کے بعد وفاقی دارالحکومت سے ایف پی سی سی آئی کے صدر کا انتخاب ہوگا۔ اس سے پانچ سال پہلے عبدالرؤف عالم وفاقی دارالحکومت سے ایف پی سی سی آئی کے صدر منتخب ہو چکے ہیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## سرکاری ادارے کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DHO/EAST/1921

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: دفتر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ایسٹ، کراچی۔

## ردی کی فروخت کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ سیکریٹری اسٹورز، مورگاہ، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی۔

فون: 051-5450930

## COMSATS انسٹی ٹیوٹ کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: CUI-LHR-TN-22/602

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈپٹی رجسٹرار (پروکیورمنٹ)، ڈیفنس روڈ، آف رائیونڈ روڈ، لاہور۔

فون: 042-111001007EXT:875

## گورنمنٹ پنجاب کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (ایڈمن۔1)، لاء اینڈ پارلیمنٹری افیئرز ڈیپارٹمنٹ، سول سیکریٹریٹ، لاہور۔

فون: 042-9910089

## ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (جنرل)، پنجاب سول سیکریٹریٹ، لاہور۔

فون: 042-99212528

## کوہسار یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 02/stationery/2022

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 9 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفیسر، ایڈمن بلاک، کشمیر پوائنٹ۔ مری۔

فون: 051-9269177

## MEPCO کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 30/23

بل فارم جنرل، تعداد: 24,800

بل فارم ایم ڈی آئی، تعداد: 400

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 ستمبر 2022ء

# کاروباری مواقع
# TENDERS

برائے رابطہ: ڈائریکٹر پروکیورمنٹ ہیڈ، ملتان الیکٹرک پاور کمپنی، ہیڈکوارٹر، واپڈا کالونی، خانیوال روڈ، ملتان۔

## اسٹیشنرز کی پری کوالی کیشن

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: ایسوسی ایٹ پروکیورمنٹ، پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ، 125۔ ابوبکر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔

فون: 042-99231190-92

## انسٹیٹیوٹ کارڈیولوجی کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: اکاؤنٹ آفس، راول روڈ، راولپنڈی۔

## سوئی ناردرن گیس کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LHR/TE/014/22

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، ریجنل آفس، 21۔ انڈسٹریل ایریا، گرومنگت روڈ، گلبرگ۔3، لاہور۔

فون: 042-99268251

## پوسٹل لائف انشورنس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: SK/1-1/2021-22

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن آفس، کراچی۔

فون: 021-99211142-02

## ایئرپورٹ سیکورٹی فورس کو پیپر واسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/CSO(N)2022-23

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: اسٹور آفس، چیف سیکورٹی آفیسر، نارتھ، اسلام آباد۔

فون: 051-4576522

## پی این ایس سی کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:

PRCD/GNRL/PRNT/STNRY/2022-23/150

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: جنرل منیجر (پروکیورمنٹ) پی این ایس سی بلڈنگ، پہلی منزل، ایم ٹی خان روڈ، کراچی۔

فون: 021-99203980-99 EXT:353/390

## یونیورسٹی آف گجرات کا لفافوں کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UOG/DP/2022-23/02

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 ستمبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر پرچیز آفس، ایڈمن بلاک، حافظ حیات کیمپس، گجرات۔

فون: 053-3643331-3643334 EXT:117

# کراچی چیمبر کا IMF پروگرام کی بحالی کا خیر مقدم

کراچی (بزنس ڈیسک) کے سی سی آئی کا آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی کوششوں کی بدولت ملک دیوالیہ ہونے سے بچ گیا ہے، ملک کو معاشی بحران اور سیلاب کا سامنا ہے سیاسی جماعتیں الزام تراشی کا کھیل بند کریں، کے سی سی آئی معیشت، عوام اور تاجر برادری کے مفاد کے خلاف کام کرنے والے عناصر کی بھرپور مذمت کرتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) نے وفاقی وزیر خزانہ محصولات مفتاح اسماعیل کو ان کی شاندار کاوشوں پر سراہتے ہوئے مبارکباد دی ہے جسکے نتیجے میں آئی ایم ایف کے ذریعے پاکستان کے بیل آؤٹ پروگرام کو 1.1 ارب ڈالر کی قسط کی منظوری کے ساتھ بحال کیا گیا جو یقیناً ملک کو درپیش معاشی بے یقینی کے خاتمے میں معاون ثابت ہوگا۔ کے سی سی آئی نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان کی معیشت سنگین بحرانوں کا شکار ہے اور ملک مکمل اقتصادی تباہی کے دہانے پر ہے جس کے نتیجے میں لوگ خوفزدہ ہیں اور کوئی سرمایہ کاری نہیں ہو رہی جبکہ پیداواری سرگرمیاں اور برآمدات بھی کم ہو رہی ہیں تاہم حکومت کی کوششوں کی بدولت ملک دیوالیہ ہونے سے بچ گیا ہے۔ کے سی سی آئی وزیر اعظم شہباز شریف کے اس عزم کو بھی سراہا کہ وہ آئی ایم ایف پروگرام کو کامیابی سے ختم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور ملک کو خود کفیل بنا کر اس پروگرام سے باہر نکلیں گے۔


☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایف بی آر نے افسران کیخلاف انکوائری کیلئے یونٹ قائم کردیا

